فوری ریلیز کے لیے: 2022/7/28 **گورنر** ***KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL نے کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے بجلی اور گیس کے یوٹیلٹی بلز کے کریڈٹس کے اجراء کا اعلان کیا***

***567$ ملین، کم آمدنی والے صارفین کی سابقہ یوٹیلٹی بلز کی ادائیگی میں مدد کرنے کے لیے دستیاب ہیں***

***نیو یارک کے 327,000 سے زائد کم آمدنی والے گھرانے براہ راست مستفید ہوں گے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ بجلی اور گیس کے کم آمدنی والے صارفین کی سابقہ یوٹیلٹی بلز کی ادائیگی میں مدد کے لیے مختص شدہ 567$ ملین کا بہت بڑا حصہ صارفین کے اگست کے بلوں میں لگا دیا جائے گا۔ مالی معاونت کے اس پروگرام میں اندازاً 557$ ملین کا نیو یارک اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن کا اختیار کردہ، کم آمدنی والے صارفین کے لیے ریاست گیر COVID-19 بل کریڈٹ پروگرام شامل ہے۔ بل کریڈٹ پروگرام کے تحت، PSC مالی سال 2023 کے لیے نافذ شدہ بجٹ میں سے 250$ ملین کو بروئے کار لائے گا تاکہ یوٹیلٹیز سے انرجی افورڈیبلٹی پروگرام (Energy Affordability Program) کے تحت اندراج شدہ صارفین کو ایک مرتبہ کریڈٹ فراہم کرنا درکار کیا جائے جس سے 1 مئی، 2022 سے اکٹھے ہونے والے غیر ادا شدہ یوٹیلٹی بلز ختم کر دیے جائیں گے۔ یہ پروگرام، 31 دسمبر، 2022 تک EAP میں اندراج کروانے والے تمام اہل صارفین کے لیے بھی اس ہی رعایت کی اجازت دیتا ہے۔

"مجھے یہ اعلان کرنے میں خوشی ہے کہ ریاست کی تاریخ کا سب سے بڑا، کم آمدنی والوں کے لیے یوٹیلٹی کی معاونت کا پروگرام پیر 1 اگست کو جاری ہو رہا ہے - جو کہ نیو یارک کے باشندوں کی یوٹیلٹیز کی خدمات حاصل کرنا جاری رکھنے میں مدد کے لیے ریاست کی مسلسل کوششوں میں ایک بڑا قدم ہے۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیو یارک کے کسی باشندے کے گھر کی روشنیاں اور ائیر کنڈیشننگ عالمگیر وباء کے سبب پیدا ہونے والے مالی مسائل کے نتیجے میں بند نہیں ہونی چاہیے۔ میں یوٹیلیٹی کے بقایا جات کے لیے 250$ ملین مخصوص کروانے کے لیے شراکت داری پر ریاستی قانون سازوں کو سراہتی ہوں، جو کہ نیو یارک کے مشکلات میں گھرے باشندوں کے لیے، بالخصوص موسم گرما کے بلند درجہ حرارت والے مہینوں میں، اپنی یوٹیلٹی سروسز جاری رکھوانے میں انتہائی کارآمد ہوں گے۔"

گورنر Hochul کی ہدایت پر ڈیپارٹمنٹ آف پبلک سروس (Department of Public Service) جو کہ PSC کا دست راست ہے، نے صارفین کے اکاؤنٹس کریڈٹ کرنے کے لیے ریاست کی بڑی یوٹیلٹیز کے ساتھ مل کر کام کیا۔ COVID-19 کی عالمگیر وباء نے نیو یارک کے باشندوں، بالخصوص کم آمدنی والے صارفین کے لیے قابل ذکر مالی مسائل پیدا کیے۔ مارچ 2020 سے اب تک، اپنی بجلی اور گیس کی یوٹیلٹیز کی ادائیگیوں میں 60 دن سے زیادہ پیچھے رہ جانے (یعنی بقایا جات) والے صارفین کی تعداد اور ڈالروں میں بقایا جات کی کل رقم بڑھ کر پہلے کبھی نہ دیکھی گئی سطحوں تک جا پہنچی ہے۔ کم آمدنی والے صارفین کے کریڈٹس کا صارفین کے اکاؤنٹس میں 1 اگست، 2022 سے پوسٹ کیا جانا متوقع ہے اور صارفین اپنے آئندہ بلنگ سائیکل میں اس کریڈٹ کو دیکھنے کی توقع کر سکتے ہیں۔ بجلی اور گیس کی کمپنیز کے کم آمدنی والے صارفین کی بڑی اکثریت کو یہ کریڈٹس ان کے اگست کے بلوں میں وصول ہوں گے۔

COVID-19 کی عالمگیر وباء نے کم آمدنی والے صارفین کے لیے بہت زیادہ مالی مشکلات پیدا کیں اور کاروباروں کی بندش اور بڑے پیمانے پر ملازمتیں ختم ہو جانے کا سبب بنی۔ غیر ادا شدہ یوٹیلٹی بلز والے صارفین کی تعداد اور غیر ادا شدہ یوٹیلٹی بلز کی ڈالر میں رقم میں مارچ 2020 میں عالمگیر وباء شروع ہونے کے بعد سے قابل ذکر اضافہ ہوا ہے؛ اور بل کریڈٹس کا یہ پروگرام عدم ادائیگی کے باعث یوٹیلٹی خدمات منقطع کیے جانے سے بچنے میں سب سے کمزور رہائشی صارفین کی مدد کے لیے مالی سہولت فراہم کرتا ہے۔ اس پروگرام سے نیو یارک کے 327,000 سے زائد کم آمدنی والے گھرانے براہ راست مستفید ہوں گے

بل کریڈٹ پروگرام کے تحت، یوٹیلٹی بل کی معاونت کے لیے دستیاب ریاست کی تمام معاونت کی انتظام کاری یہ یقینی بنانے کے لیے کی جائے گی کہ ٹیکس دہندگان کو زیادہ سے زیادہ فوائد فراہم کیے جائیں اور محنت دہرائے جانے سے بچا جائے۔ اس میں ریاست کے دفتر برائے عارضی اور معذوری امداد ( Office of Temporary and Disability Assistance) کے ایمرجنسی رینٹل اسسٹنس پروگرام ( Emergency Rental Assistance Program) کی جانب سے کم آمدنی والے صارفین کے لیے غیر ادا شدہ یوٹیلٹی بلز، جو کہ اندازاً 100$ ملین ہیں، کی ادائیگی کے لیے دستیاب رعایت شامل ہے، جو کہ 250$ ملین کی ریاست نیو یارک کے بجٹ میں سے کم آمدنی والے گھرانوں کے لیے عالمگیر وباء کی وجہ سے غیر ادا شدہ یوٹیلٹی بلز ختم کرنے کے لیے یوٹیلٹز کے لیے مختص رقم کے ساتھ شامل ہو جائیں گے۔ یوٹیلٹی کے شئیر ہولڈرز نے ٹیکس دہندگان کے استفعادہ کے لیے 36$ ملین سے زائد چندوں کی صورت میں فراہم کیا ہے۔ یوٹیلٹی کے بڑے ٹیکس دہندگان کو بجٹ کا اپنا مختص شدہ حصہ تفویض ہونے؛ اور صارفین کے کریڈٹس اور شیئر ہولڈرز کا چندہ جو اس پروگرام کی لاگت میں کمی لائیں گے، لاگو کرنے کے بعد اس بل کریڈٹ پروگرام کی لاگت 181$ ملین میں پڑنے کی توقع ہے۔

ایک مرتبہ دیا جانے والا، کم آمدنی والوں کے لیے بل کا یہ کریڈٹ، جو کہ متاثرہ صارفین کے بلوں میں یوٹیلٹیز کی جانب سے دیا جائے گا، فائدے کے وصولی کے لیے EAP میں اندراج شدہ موجودہ کم آمدنی والے صارفین سے کچھ کرنا درکار نہیں کرتا۔ PSEG لانگ آئی لینڈ اور میونسپل یوٹیلٹیز کے لیے، کم آمدنی والے صارفین کے لیے بل کریڈٹ پروگرام میں استعمال کے لیے بجٹ میں مختص شدہ 250$ ملین میں سے 10.4$ ملین مختص کیے گئے ہیں۔ PSC کو صارفین کے گروپس اور اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے مستقبل میں تجویزی منصوبہ وصول ہونے کی توقع ہے جو باقی رہ جانے والے رہائشی اور غیر رہائشی صارفین کے بجلی اور گیس کے غیر ادا شدہ یوٹیلٹی بلز میں COVID-19 کی عالمگیر وباء کے سبب ہونے والے قابل ذکر اضافے کا احاطہ کرے گ۔

بجلی اورگیس کے غیر ادا شدہ یوٹیلٹی بلز میں کمی کے لیے کیے جانے والے تمام کام کے ایک حصے کے طور پر، گورنر Hochul نے حال ہی میں OTDA اور دیگر بڑی یوٹیلٹیز فراہم کنندگان کے مابین، EAP میں اندراج کے لیے کم آمدنی والے مزید گھرنوں کی شناخت کے لیے ایک نئی کاوش کے آغاز کا اعلان کیا ہے، جس یوٹیلٹی بلز پر رعائتیں فراہم کرتی سے جس سے شرکت کنندہ گھرانوں کو یوٹیلٹی کے اخراجات میں سالانہ سینکڑوں ڈالرز کی بچت ہوتی ہے۔

حالیہ اہل ہونے والے تمام صارفین جو 31 دسمبر، 2022 سے پہلے EAP میں اندراج کروا لیں گے ان کو بل کریڈٹ پروگرام میں شامل کر لیا جائے گا۔

**پبلک سروس کمیشن کے چیئر Rory M. Christian نے کہا،** "گورنر Hochul صارفین کی مدد کے لیے اپنی مہم میں ڈٹی رہی ہیں۔ اس بڑھتے مسئلے کو حل کرنے کے لیے، PSC نے یوٹیلٹی کی توانائی کو کم خرچ بنانے کے پروگرامز کو مضبوط کرنے اور ان میں بہتری لانے کے لیے اقدامات کی منظوری دی ہے تاکہ صارفین پر سے توانائی کے بوجھ کو کم کیا جا سکے اور کم آمدنی والے صارفین کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔"

**دفتر برائے عارضی اور معذوری امداد کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا،** "گورنر Hochul نے عالمگیر وباء کے معاشی اثرات کے باعث پیدا ہونے والی مشکلات سے نمٹنے کے لیے مسائل کا شکار گھرانوں کو درکار معاونت پہنچانے کو ترجیح بنایا ہے۔ ہمیں اس کاوش میں شراکت دار پر فخر ہے جو ہمارے دسیوں ہزار ساتھی نیو یارک کے باشندوں کے یوٹیلٹی کے بقایا جات ادا کرنے میں مدد اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہے کہ کم آمدنی والے مزید

گھرانوں کو مستقبل میں انرجی افورڈیبلٹی پروگرام (Energy Affordability Program) کے ذریعے رعایتوں تک رسائی حاصل ہو۔"

**اسٹیٹ سینیٹر Roxanne Persaud نے کہا،** "توانائی کے بوجھ تلے دبے نیو یارک کے کئی باشندے اس وقت سکھ کا سانس لیں گے جب ان کے یوٹیلیٹی اکاؤنٹس میں اس شدت سے درکار معاونت کا اثر دکھائی دے گا۔ مجھے خوشی ہے کہ جو 250$ ملین ہم نے اس سال وصولیوں کے لیے سہولیات منقطع کیے جانے کے خطرے سے دوچار صارفین کے لیے بجٹ میں شامل کیے وہ ان کے لیے اضافی رعایت مہیا کر پائے۔"

**اسمبلی ممبر Linda Rosenthal نے کہا،** "COVID-19 کی عالمگیر وباء کے دوران ملازمت ختم ہو جانے کے بعد مہنگائی میں اضافہ پوری ریاست نیو یارک میں کئی خاندانوں کے لیے مالی تنگی محسوس کرنے کا سبب بنا ہے۔ اس سال کے بجٹ کے دوران ہم نے سینکڑوں ملین کی فنڈنگ مختص کیے جانے کے لیے خاندانوں کی یوٹیلٹی کے بقایا جات کی ادائیگی اور ان کو دوبارہ اپنے پیروں پر کھڑا کرنے میں مدد کر ترجیح پر رکھا۔ یہ ادائیگیاں جلد جاری کر دی جائیں گی اور مجھے خوشی ہے کہ خاندانوں کو آنے والے ہفتوں میں بالآخر کچھ راحت کا احساس ملنا شروع ہو گا۔ اس پروگرام سے، 327,000 سے زائد کم آمدنی والے گھرانوں کو اپنے بقایا جات کم یا ختم ہوئے ملیں گے جس سے ایک بڑا مالی بوجھ کم ہو جائے گا۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں